سوال

(557) تمباکو کی حرمت وحلت

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاتہ

کیا تمباکو کے درج ذیل استعمالات حلال ہیں؟ حقہ، بیڑی، سگریٹ اور شیشہ وغیرہ میں جلا کر اس کا دھواں لینا جو عموم ہے۔ پان، گٹکا، چھالیہ میں اس کے پتے کے چورے کا استعمال۔ انگلی وغیرہ کٹ جانے پر اس کے چورے کو زخم پر چھڑکنا کہ خون رک جائے۔ کسی اور زخم پر اسکے پتے کو پٹی کی طرح باندھنا تاکہ خون رک جائے۔ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب سے جلد مستفید فرمائیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاتہ!

الحمد لله، والصلاة والسلام علیٰ رسول الله، أما بعد!

تمباکو کا دھواں لینے اور اسے کھانے کی مذکورہ تمام صورتیں حرام ہے، کیونکہ یہ خبیث چیز اور بہت زیادہ ضرر ونقصانات پر مشتمل ہے، اللہ سبحانہ وتعالی نے تو اپنے بندوں کے لیے کھانے پینے والی پاکیزہ اشیاء مباح کی ہیں، اوران پر خبیث اور گندی اشیاء حرام کی ہیں:

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے:

{اوران کے لیے پاکیزہ اشیاء حلال کرتا اور خبیث اور گندی اشیاء حرام کرتا ہے} الاعراف(157).

یہ ضرر اور نقصان دہ اور نشہ آور مواد پر مشتمل ہے

کسی بھی حالت میں اس کی عادت حرام ہے، چاہے تمباکو نوشی کی جائے، یا پھر تمباکو چبا کر کھایا جائے یا کسی اور طریقہ سے تمباکو استعمال کیا جائے یہ حرام ہے

ہر مسلمان شخص پر واجب ہے کہ وہ فوری طور پر اس کو ترک کر کے اللہ تعالی سے توبہ واستغفار کرے، اور اس معصیت ونافرمانی پر نادم ہو، اور آئندہ پختہ عزم کرے کہ وہ کبھی بھی دوبارہ ایسا نہیں کریگا

اس وقت روئے زمین کی ساری امتیں چاہے مسلمان ہوں یا کافر وہ تمباکو نوشی کے خلاف جنگ کرنے لگے ہیں، کیونکہ انہیں اس کے شدید ضرر ونقصان کا علم ہو چکا ہے، اور پھر دین اسلام تو شروع ہی سے ہر نقصان دہ اور ضرر والی چیز کو حرام قرار دیتا ہے، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

"نہ تو خود نقصان اٹھاؤ اور نہ ہی کسی دوسرے کو نقصان دو"

اور پھر اس میں کوئی شک وشبہ نہیں کہ کھانے پینے والی اشیاء میں اچھی اور نفع مند بھی ہیں، اور کچھ ایسی بھی ہیں جو گندی اور نقصاندہ ہیں، توکیا سگریٹ اور حقہ اچھی اور پاکیزہ اشیاء میں سے ہے یا کہ گندی اور خبیث اشیاء میں ؟

دوم :

حدیث شریف میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"اللہ سبحانہ وتعالی تمہیں قیل وقال اور کثرت سوال اور مال ضائع کرنے سے منع کرتا ہے "

اور پھر اللہ سبحانہ وتعالی نے بھی اسراف وفضول خرچی سے منع کرتے ہوئے فرمایا ہے :

{ اور تم کھاؤ پیئو اور اسراف وفضول خرچی مت کرو یقینا اللہ سبحانہ وتعالی فضول خرچی کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتا } .

اور رحمن کے بندوں کا وصف اللہ سبحانہ وتعالی نے اس طرح فرمایا ہے :

{ اور وہ لوگ جب خرچ کرتے ہیں نہ تو وہ فضول خرچی کرتے ہیں اور نہ ہی تنگی اور بخل دکھاتے ہیں، بلکہ وہ اس کے درمیان سیدھی اور معتدل راہ اختیار کرتے ہیں } . الفرقان (67).

اب ساری دنیا ہی اس کا ادراک کرنے لگی ہے کہ سگریٹ اور حقہ نوشی میں صرف کردہ مال ضائع کیا جا رہا ہے اور اس میں کوئی فائدہ نہیں، یہی نہیں بلکہ یہ مال ضرر و نقصاندہ اشیاء میں خرچ کیا جا رہا ہے

اور اگر پوری دنیا میں سگریٹ اور تمباکو نوشی پر خرچ کردہ مال جمع کیا جائے تو بھوک سے مرنے والے کئی معاشروں اور ملکوں کو بچایا جا سکتا ہے، توکیا اس سے کوئی اور بڑھ کر بے وقوف ہو سکتا ہے جو ڈالر ہاتھ میں لے کر اسے آگ لگا دے ؟

سگریٹ اور تمباکو نوشی کرنے والے اور ڈالر کو آگ لگانے والے میں کیا فرق ہے ؟

بلکہ روپے کو آگ لگانے والے سے تو بڑا بے وقوف تمباکو اور سگرٹ نوش ہے، کیونکہ روپے کو آگ لگانے کی بے وقوفی تو اس حد تک رہے گی، لیکن سگریٹ نوش کی بے وقوفی تو اس سے بھی آگے ہے کہ وہ مال بھی جلا رہا ہے اور اپنا بدن بھی

سگریٹ نوشی کے حرام ہونے بعض اسباب تھی جو ہم اوپر بیان کر چکے ہیں

باقی رہا یہ مسئلہ کہ کیا زخم پر اسے لگانا جائز ہے یا نہیں؟

میرے علم کے مطابق بطور سد ذرائع کے اس سے بھی اجتناب کرنا چاہیئے۔ تاکہ نہ رہے بانس نہ بجے بانسری۔ جب سارا معاشرہ ہی تمباکو نوشی سے پرہیز کرنا شروع کردے گا تب اس کی زراعت کی ضرورت بھی ختم ہو جائیگی۔ لہذا مشکوک امور کو اختیار کرنے کی بجائے صاف امور کو اختیار کرنا چاہیئے۔

تمباکو نوشی کے نقصانات کی تفصیل دیکھنے کے لئے درج ذیل ایڈریس پر دیکھیں

http://www.kitabosunnat.com/forum/%D8%A7%D8%B5%D9%84%D8%A7%D8%AD-%D9%85%D8%B9%D8%A7%D8%B4%D8%B1%DB%81-88/%D8%AA%D9%85%D8%A8%D8%A7%DA%A9%D9%88-%D9%86%D9%88%D8%B4%DB%8C-811/

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1